2=

# نیو پاکستان انٹر نیشنل سکول حولی کویت

سیشن ــــــــــــــ تشبیہ (علمِ بیان) پرچہ : اُردو (لازمی) برائے جماعت ـــــــــــ (پی)

نام طالبعلم ـــــــــــــــــــــــــــــــ تاریخ ۱۱ اپریل 2023 ـــــــ

کُل وقت: 30 منٹ (حصّہ اوّل معروضی) کُل نمبر: 25 ـــــــــــــــــ

**نوٹ:۔ حصّہ اوّل لازمی ہے۔ ہر سوال کا نمبر ایک ہے۔ کاٹ کر لکھا ہوا جواب غلط تصور ہوگا۔**

سوال نمبر 1۔ دیے گئے الفاظ یعنی (الف/ب/ج/د) میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ تشبیہ کا لفظ ــــــــــ سے نکلا ہے۔

(الف) مشبہ (ب) شبہ (ج) مشبہ بہ (د) وجہ شبہ

2۔ تشبیہ کے لفظی معنی ہیں۔

(الف) ایک چیز کو دوسری چیز کے متضاد قرار دینا (ب) ایک چیز کو دوسری چیز کے مانند قرار دینا

(ج) ایک چیز کو دوسری چیز کے مترادف قرار دینا (د) ایک چیز کو دوسری چیز کے ہم معنی قرار دینا

3۔ علم بیان کی رو سے تشبیہ سے مراد ہے:

(الف) مترادف الفاظ کا مجموعہ (ب) متضاد الفاظ کا مجموعہ

(ج) کسی چیز کو مشترک خوبی کی بنا پر دوسری چیز کے مانند قرار دینا (د) الفاظ کو مجازی معنوں میں استعمال کرنا

4۔ ارکان تشبیہ کتنے ہیں؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

5۔ مشبہ کسے کہتے ہیں؟

(الف) وہ شے جس سے تشبیہ دی جائے (ب) وہ شے جس کو تشبیہ دی جائے

(ج) وہ جملہ جس میں وجہ شبہ ہو (د) وہ جملہ جس میں غرض تشبیہ پائی جائے

۔ مشبہ بہ کہتے ہیں۔

(الف) وہ شے جس کو تشبیہ دی جائے (ب) وہ شے جس سے تشبیہ دی جائے

(ج) جس مقصد کے لیے تشبیہ دی جائے (د) خوبصورتی کو واضح کرنے کے لیے تشبیہ دی جائے

7۔ وہ مشترک خصوصیت یا صفت جو مشبہ اور مشبہ بہ میں پائی جاتی ہے۔

(الف) مشبہ کہتے ہیں (ب) مشبہ بہ کہتے ہیں (ج) وجہ شبہ کہتے ہیں (د) غرض تشبیہ کہتے ہیں

8۔ غرض تشبیہ کہتے ہیں۔

(الف) جس مقصد کے لیے تشبیہ دی جائے (ب) جس شے کو تشبیہ دی جائے

(ج) جس سے تشبیہ دی جائے (د) وہ مشترک صفت جو مشبہ اور مشبہ بہ میں پائی جاتی ہے

9۔ حروف تشبیہ کسے کہتے ہیں؟

(الف) جس مقصد کے لیے تشبیہ دی جائے (ب) وہ حروف جو تشبیہ دینے کے لیے استعمال ہوں

(ج) جس شے سے تشبیہ دی جائے (د) جس شے کو تشبیہ دی جائے

SOCHBADLOBYMAK

CamScanner

10- حرفِ تشبیہ ہے:
(الف) تم (ب) ہم (ج) مانند (د) اور

11- ''رخسار پھول کی مانند نازک ہے'' اس جملہ میں مشبہ کیا ہے ؟
(الف) پھول (ب) رخسار (ج) کی (د) مانند

12- ''رخسار پھول کی مانند نازک ہے'' اس جملہ میں مشبہ بہ کیا ہے ؟
(الف) پھول (ب) رخسار (ج) کی (د) مانند

13- ''رخسار پھول کی مانند نازک ہے'' اس جملہ میں حرفِ تشبیہ کیا ہے ؟
(الف) پھول (ب) رخسار (ج) کی (د) مانند

14- ''رخسار پھول کی مانند نازک ہے '' اس جملہ میں وجہ شبہ کیا ہے ؟
(الف) پھول (ب) رخسار (ج) نازک (د) مانند

15- ''رخسار پھول کی مانند نازک ہے '' اس جملہ میں غرضِ تشبیہ کیا ہے ؟
(الف) پھول (ب) رخسار (ج) نازک (د) رخسار کی نزاکت

16- تشبیہ کی مثال کی نشاندہی کریں۔
(الف) میرا چاند آیا ہے (ب) علی شیر کی طرح بہادر ہے (ج) آبِ زمزم مقدس ہے (د) بوتل پیو گے

17- ''رخسار پھول کی مانند نازک ہے '' اس جملہ میں علمِ بیان کے کس رکن سے ہے ؟
(الف) استعارہ (ب) مجازِ مرسل (ج) تشبیہ (د) کنایہ

18- مشبہ ، مشبہ بہ ، وجہ شبہ ، حرفِ تشبیہ ، غرضِ تشبیہ کس کے ارکان ہیں ؟
(الف) استعارہ (ب) مجازِ مرسل (ج) تشبیہ (د) کنایہ

19- مشبہ ، مشبہ بہ کو کہا جاتا ہے ؟
(الف) طرفینِ تشبیہ (ب) طرفینِ استعارہ (ج) غرضِ تشبیہ (د) اداتِ تشبیہ

20- حرفِ تشبیہ کو ــــــــــــ بھی کہتے ہیں ؟
(الف) طرفینِ تشبیہ (ب) طرفینِ استعارہ (ج) غرضِ تشبیہ (د) اداتِ تشبیہ

21- اس شعر میں شاعر نے ہونٹوں کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے ؟ نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
الف۔ گلاب کی پنکھڑی سے ب۔ شراب سے ج۔ پھول سے د۔ کلی سے

22- اس شعر میں مشبہ کیا ہے ؟ نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
الف۔ گلاب کی پنکھڑی ب۔ اس کے لب ج۔ کی سی ہے د۔ نازکی

23- اس شعر میں مشبہ بہ کیا ہے ؟ نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
الف۔ گلاب کی پنکھڑی ب۔ اس کے لب ج۔ کی سی ہے د۔ نازکی

24- اس شعر میں حرفِ تشبیہ کیا ہے ؟ نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
الف۔ گلاب کی پنکھڑی ب۔ اس کے لب ج۔ کی سی ہے د۔ نازکی

25- اس شعر میں وجہ شبہ کیا ہے ؟ نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
الف۔ گلاب کی پنکھڑی ب۔ اس کے لب ج۔ کی سی ہے د۔ نازکی

SOCHIBADLOBYMAK

CS CamScanner